Home Connection

ڈیٹنگ (باہمی رضامندی کے ساتھ ملاقاتیں)

عزیز والد یا والدہ/ سرپرست،

آٹھویں گریڈ میں زیر تعلیم آپ کے بچے نے آج امور صحت کی کلاس میں یہ غور و فکر کیا ہے کہ باہمی رضامندئ سے ملنے جلنے (dating) کا کیا مطلب ہے، ان کے نزدیک اس کے کیا معنی ہیں، باہمی رضامندی کی ملاقاتوں سے جڑے فیصلوں اور طرز عمل کے کیا اثرات ہیں، اور جذباتی اور سماجی صحت کے ایک باب کے ایک حصے کے طور پر یہ سمجھنا کہ باہمی رضامندی کی ملاقاتوں (dating) کے بارے میں والدین کی کیا توقعات ہوتی ہیں۔ ہم چاہتے ہیں کہ نوجوان لڑکے لڑکیاں اپنے والدین کی توقعات کو سمجھیں، اور اس وقت تک باہمی رضامندی کی ملاقاتوں (dating) کو شروع نہ کریں کہ جب تک انہیں والدین یا سرپرست کی طرف سے اسکی اجازت نہ مل جائے، اور جب ڈیٹنگ کرنا ان کے لئے مناسب ہو جائے تو یہ جاننا کہ باہمی رضامندی کی ملاقاتوں (dating) کے صحت مندانہ طریقے کیا ہیں۔

اس موضوع پر کلاس روم کے کام کی حوصلہ افزائی کے نقطہ نظر سے ہم نے طالب علموں سے کہا ہے کہ ڈیٹنگ سے متعلق تحریر نویسی کی سرگرمیوں سے آپ کو آگاہ کرنے کے بعد آپ کا بچہ اس موضوع پر آپ سے تبادلہ خیال کرے تاکہ وہ **ڈیٹنگ سے متعلق توقعات** پر آپ سے انٹرویو کی ورک شیٹ مکمل کر سکے۔ اس عمل سے آپ کے بچے کو ڈیٹنگ سے متعلق آپ کی توقعات کو سمجھنے اور انکی تصدیق کرنے میں مدد ملے گی۔ لہٰذا جس وقت آپ یہ سمجھیں کہ انکی ڈیٹنگ کا وقت آگیا ہے تو آپ کی بچی یا بچے کو آپ کی توقعات کے بارے میں معلوم ہو۔

آپ کا شکریہ،

ٹیچر برائے امور صحت